سوال

(09) نبی اکرم ﷺ قبر میں زندہ ہیں ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا نبی اکرم ﷺ قبر میں زندہ ہیں ؟ فضائل اعمال میں ایک حدیث میں لکھا ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ قبر میں زندہ ہیں اور دوسرے انبیاء علیہم السلام کی طرح قبر میں نماز پڑھتے ہیں ۔ کیا کوئی ایسی حدیث آتی ہے ؟ (فضائل اعمال میں حدیث کا حوالہ نہیں ہے) کیا نبی کریم ﷺ کے قبر میں درود سننے کی حدیث ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

(۱) نبی کریم ﷺ کی قبر میں زندگی برزخی ہے دنیاوی نہیں ۔ صحیح مسلم میں ہے رسول اللہ ﷺ نے لیلہ اِسراء موسیٰ ﷺ کو اپنی قبر میں نماز پڑھتے دیکھا (1) ۔ رہی روایت ’’اَلْاَنْبِیَآئُ اَحْیَائٌ فِیْ قُبُوْرِہِمْ یُصَلُّوْنَ ‘‘ ’’انبیاء اپنی قبروں میں زندہ ہیں نماز پڑھتے ہیں ‘‘ تو وہ صحیح نہیں کمزور ہے اس سے استدلال نہیں کرسکتے بالخصوص وہ لوگ جو عقائد میں صحیح خبر واحد کو بھی حجت نہیں سمجھتے ہاں اتنی بات درست ہے کہ تمام انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام اپنی قبروں میں برزخی زندگی گزار رہے ہیں اور ایسے ہی تمام اہل ایمان بلکہ تمام اہل کفر بھی کیونکہ قبر کا ثواب اورعذاب حق ہے البتہ انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے بدنوں کو مٹی نہیں کھاتی اور برزخ میں ان کی زندگی تمام اہل ایمان کی برزخی زندگی سے اعلیٰ ترین ہے ۔ اس موضوع پر ہمارے شیخ واستاذ مولانا محمد اسماعیل صاحب سلفی رحمہ اللہ تعالیٰ ۔ نے ایک بہترین رسالہ لکھا ہے کہیں سے مل جائے تو اس کا مطالعہ فرمالینا اس سلسلہ میں تمام اشکال دوروکافور ہوجائیں گے ان شاء اللہ تبارک وتعالیٰ ۔ قبر میں درود سننے والی روایت بھی کمزور ہے ۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

---

(1) مسلم ۔ کتاب الایمان ۔ باب الاسرآء برسول ا ﷺ

احکام و مسائل

عقائد کا بیان ج1ص 63